نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کپاس کے لئے گلابی سنڈی انتہائی خطرناک، محکمہ زراعت نے کپاس کے بچاؤ کا طریقہ کار جاری کردیا

کپاس کو خطرناک کیڑوں سے بچانے کے لئے محکمہ زراعت دوست کیڑے مفت فراہم کرے گا

لاہور: 23 فروری 2017 ( ) محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے بتایا ہے کہ کپاس کی فصل کو کیڑوں سے محفوظ بنانے کے لئے جننگ فیکٹریوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جننگ فیکٹریوں نے اگر کپاس کی باقیادت کو مروجہ طریقہ سے تلف نہ کیا تو پھر کپاس کی آئندہ فصل پر کیڑوں کا حملہ ہونے کا امکان بڑھ جائے گا، موسمی درجہ حرارت بڑھنے سے گلابی سنڈی کی جلد افزائش متوقع ہوسکتی ہے اس لئے کپاس کے کاشتکار کپاس کی کاشت 15 اپریل سے پہلے نہ کریں تاکہ گلابی سنڈی کی پہلی آنے والی نسل کو میزبان پودے نہ مل سکیں اور ان کا خاتمہ ہوجائے ۔محکمہ زراعت کی طرف سے کپاس کی آئندہ فصل کو گلابی سنڈی اور کیڑوں سے بچانے کے لئے آف سیزن مینجمنٹ مہم جاری ہے جس کے تحت کسان فصل کا موسم ختم ہونے کے بعد آئندہ فصل سے پہلے بہترین اقدامات کرسکتا ہے۔اسی طرح جننگ فیکٹریوں کو 31 مارچ تک کاٹن ویسٹ تلف کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں تاکہ جننگ ویسٹ میں موجود گلابی سنڈی کا یقینی خاتمہ ہوسکے اور آئندہ آنے والی کپاس کی فصل اسکے حملے سے محفوظ رہے۔کسان کپاس کی چھریوں کے ڈھیروں کو کپاس کے کھیتوں سے نکال دیں تاکہ گلابی سنڈی کا یقینی خاتمہ ہوسکے۔ترجمان نے مزید بتایا ہے کہ محکمہ زراعت پنجاب کی لیبارٹریاں بھی ایسے دوست کیڑے بنانے میں مصروف ہیں جن میں دشمن کیڑوں کو ختم کرنے کی صلاحیت ہوگی اور ایسے دوست کیڑوں کو کھیتوں میں چھوڑنے سے ضرررساں کیڑوں کی پیداوار میں خاطر خواہ کمی ہوگی اور کپاس کی آنے والی فصل کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔محکمہ زراعت دوست کیڑے مفت فراہم کرے گا

☆☆☆